| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 2 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: حرارت اور روشنی**

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پہچان سکیں کہ جب ہم حرارت اور روشنی کے ذرائع کے قریب ہوتے ہیں تو حرارت اور روشنی کی شدت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ **فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ**

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "حرارت اور روشنی" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- ایسا کون سا ذریعہ ہے جس سے روشنی اور حرارت دونوں حاصل ہوتی ہیں؟
- روشنی اور حرارت کے دو استعمال بتائیں۔
- ہم روزمرہ کے کن کاموں میں روشنی اور حرارت کا استعمال کرتے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 56 سے متن پڑھیں اور طلبہ سے بھی پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو متن سے مثال دیتے ہوئے حرارت اور روشنی کی شدت (کم یا زیادہ) کے متعلق بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں روشنی اور حرارت کی شدت کا انحصار روشنی اور حرارت کے ذرائع سے فاصلے پر ہوتا ہے۔
- اس مثال کو سمجھانے کے لیے انھیں کتاب کے صفحہ نمبر 56 سے تصویر میں بیٹھے بچوں کو دکھائیں۔ ان طلبہ کی مثال دیتے ہوئے حرارت کی شدت کے بارے میں وضاحت کریں۔

- طلبہ کو روشنی کی شدت کے بارے میں سمجھانے کے لیے جماعت میں ایک ٹارچ یا لیمپ کو جلائیں اور اس کی روشنی میں ایک کتاب رکھیں۔
- پھر یہ ٹارچ کتاب کے قریب لے کر جائیں۔
- طلبہ کو مشاہدہ کرنے کو کہیں اور ان سے پوچھیں کہ روشنی زیادہ ہے یا کم۔
- طلبہ کو وضاحت کریں کہ کس طرح ٹارچ کے قریب کرنے سے کتاب واضح طور پر پڑھی جا رہی ہے اور روشنی دور ہونے سے الفاظ واضح نہیں نظر آتے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(iii) کا جواب لیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ:

حرارت اور روشنی کے ذرائع کون کونسے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں قدرتی روشنی حاصل کرنے کے ذرائع کے بارے میں بات چیت کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: حرارت اور روشنی**

**سوال 1: دُرست جملے کے سامنے "✓" اور غلط کے سامنے "×" کا نشان لگائیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| الف | سورج رات کے وقت روشنی دیتا ہے۔ | |
| ب | ہاتھوں کے رگڑنے سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔ | |
| ج | لکڑی سے جلنے سے صرف روشنی حاصل ہوتی ہے۔ | |
| د | ہیٹر یا انگیٹھی کے قریب بیٹھنے سے کم حرارت محسوس ہوتی ہے۔ | |
| ہ | موم بتی گھروں کو روشن کرتی ہے۔ | |

**سوال2: دئے ہوئے حرارت اور روشنی کے ذرائع میں سے مصنوعی ذرائع اور قدرتی ذرائع الگ الگ کریں۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| انگیٹھی | سورج | چاند | بلب | گیس والا چولہا | ستارے |

| قدرتی ذرائع | مصنوعی ذرائع (انسان کے بنائے ہوئے) |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی:2 |
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:2 | تاریخ:_______ | وقت:40منٹ |

سبق کا نام: دوسروں کی مدد کرنا

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- چیزوں کو مل بانٹ کر استعمال کرے یعنی اشتراک کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- ان اشیاء کے نام بتا سکیں جو دوسروں کے ساتھ مل کر استعمال کرتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''دوسروں کی مدد کرنا'' لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- کیا آپ گھر کے کاموں میں اپنی امی جان کی مدد کرتے ہیں؟
- آپ گھر کے کن کاموں میں دوسروں کی مدد کرتے ہیں؟

جواب دینے میں طلبہ کی بھرپور مدد اور حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- انھیں عنوان ''دوسروں کی مدد'' کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو مثال کی مدد سے بتائیں کہ گھر اور کمرہ جماعت میں ہم سب مل جل کر رہتے ہیں بہت سے کاموں میں ہمیں دوسروں کی مدد کی ضرورت پیش آتی ہے۔
- انھیں بتائیں کہ کس طرح ہم سب کو ایک دوسرے پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔
- انھیں ہدایت دیں کہ جب کبھی ہمیں ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت پڑے تو ہمیں مدد کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہیے۔

- ان سے پوچھیں کہ کبھی کسی کو آپ کی مدد کی ضرورت پڑے تو کیا آپ ان کی مدد کریں گے؟ سب طلبہ کو باری باری بولنے کو موقع دیں۔ان کی بات توجہ سے سنیں۔
- ہر بچہ اپنا ایک واقعہ دوسرے کو سنائے جس میں اس نے اپنے کسی دوست کی مدد کی ہو جیسے کبھی کسی کو کھانا کھلایا ہو، پڑھائی میں کسی کی مدد کی ہو، گھر کے کاموں میں دوسروں کا ہاتھ بٹایا ہو۔
- سرگرمی شروع ہونے سے پہلے طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر بچہ دوسرے بچے کی بات غور سے سنے اور ایک بچہ جب اپنا واقعہ مکمل کرلے تب دوسرا بچہ سنائے اور کوئی کسی کو درمیان میں نہ ٹوکے اور کمرہ جماعت کے اصولوں کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ سرگرمی مکمل کرے۔
- اس سرگرمی کو مکمل کرنے میں بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور چیک کریں کہ تمام بچے اس سرگرمی میں حصہ لے رہے ہوں۔
- طلبہ کو مثالوں کی مدد سے مل جل کر رہنے کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ سے کتاب سے متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

کیا آپ اپنے ساتھیوں کی مدد کرتے ہیں؟

کیا آپ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کوئی سی تین چیزیں بتائیں جو آپ اپنے دوستوں یا خاندان کے ساتھ مل کر استعمال کرتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: دوسروں کی مدد کرنا

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- چیزوں کو مل بانٹ کر استعمال کریں یعنی اشتراک کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- ان اشیاء کے نام بتا سکیں جو دوسروں کے ساتھ مل کر استعمال کرتے ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''دوسروں کی مدد کرنا'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے باری باری سوال کریں کہ:

- کیا آپ پڑھائی میں اپنے دوستوں کی مدد کرتے ہیں؟۔
- ضرورت کے وقت وہ ایک دوسرے کی کون کون سی چیزیں استعمال کرتے ہیں؟
- کیا آپ نے کبھی بوڑھے/نابینا کو سڑک پار کروائی ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو دعوت دیں کہ اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے آکر دوسروں کی مدد کرنے کے طریقوں کو ڈرامائی انداز میں پیش کریں۔
- سرگرمی کروانے کے لیے طلبہ کے تین یا چار گروہ بنائیں۔ انھیں دوسروں کی مدد کرنے کے کچھ طریقے بتائیں۔ جیسے گھر کے کاموں میں والدین کی مدد کرنا (چیزوں کو ان کی صحیح جگہ پر رکھنا، کھانا دستر خوان پر لگانا، دھلے ہوئے کپڑے کو تہ لگانا اور الماری میں رکھنا وغیرہ) یا اپنے ہم جماعت ساتھی کی مدد کرنا (چیزیں بانٹنا، پڑھائی میں مدد دینا وغیرہ)۔
- طلبہ سے کہیں کہ ان سرگرمیوں پر تیار کردہ خاکے جماعت میں اپنے ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔

- اس سرگرمی کو مکمل کرنے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے ان سے پوچھیں کہ ان تصاویر میں کیا ہو رہا ہے؟ طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دوستوں کے ساتھ کیسے مل جل کر کھیلنا چاہیے اور اپنے کھلونے آپس میں کھیلنے کے لیے کیسے دینے چاہییے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ دوستوں کو ضرورت پڑھنے پر کاپیاں اور پنسیلیں بھی دے دینی چاہیے۔ انھیں بتائیں دوسروں کی مدد کرنے سے ضرورت کے وقت لوگ ہمارے بھی کام آتے ہیں۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ایک دوسرے کو ضرورت پڑنے پر مدد فراہم کرنا اچھی بات ہے اس سے اللہ تعالیٰ بھی خوش ہوتا ہے۔ آپ گھر ہوں یا کمرہ جماعت میں، دوسروں کی مدد کریں اور اپنی بوقت چیزیں ایک دوسرے کو استعمال کے لیے دیں۔
- طلبہ کو بتائیں دوسروں کی مدد کرنے سے اَجر و ثواب ملتا ہے اور آپس میں محبت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
- چند طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 59 سے متن (پہلا پیرا گراف) پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- ہمیں ایک قوم کی حیثیت سے مل جل کر کام کرنا چاہیے اور ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیے۔
- ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ دوسروں کی مدد کرتے اور ان کے کام آتے۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ بھی اسی طرح دوسروں کے کام آئیں اور ممکنہ طور پر ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے باری باری پوچھیں: آپ کس طرح کمرہ جماعت میں اپنے ساتھیوں کی مدد کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو دعوت دیں کہ ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے آکر دوسروں کی مدد کرنے سے طریقوں کو ڈرامائی انداز میں پیش کریں۔ سرگرمی کروانے کے بچوں کو تین یا چار گروہ بنادیں۔